کر دینا چاہئے اور یہ عقائد ہر شخص کے لئے قابل قبول ہوں' حالانکہ یہ سراسر گمراہی ہے' کیونکہ حق تو صرف دین اسلام ہے جو اللہ نے انسانوں کے لئے پسند کیا ہے' اسی میں دین و دنیا کی تمام کامیابیاں ہیں۔ مسلمان کے لئے لازم ہے کہ دوسروں کا خیر خواہ ہو' لہٰذا وہ غیر مسلموں کے سامنے دین حق پیش کر کے ان کی خیر خواہی کرے گا۔ اگر وہ حق کو قبول کرلیں تو فبہا' ورنہ ان کے لئے وہ وفاداری نہیں بلکہ بیزاری کا جذبہ رکھے گا۔

مصنف نے زیر بحث مسئلے کے ہر پہلو پر ماہرانہ روشنی ڈالی ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ مسلمان صرف مسلمان کا وفادار ہے' کافر کے کفر کے ساتھ اس کی بیزاری ہی اس کے ایمان کی صحت کی علامت ہے۔ مسئلے کی وضاحت کے لئے کتاب کو چھ مباحث میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہر بحث بڑی حد تک جامع اور سیر حاصل ہے' کیونکہ تمام دلائل کتاب وسنت سے لئے گئے ہیں۔

یہ کتاب مسلمانوں کے اندر اس موضوع کے سلسلہ میں پائی جانے والی تمام غلط فہمیوں کو دُور کرنے کے لئے کافی ہے۔

نور اسلام اکیڈمی ٹھوس دینی تعلیمات پر مبنی کتابیں شائع کرنے والا نیک نام ادارہ ہے۔ یہ کتاب بھی اس کے حسنِ ذوق کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ خوبصورت ٹائٹل' مضبوط جلد اور سفید کاغذ پر طبع شدہ یہ کتاب حسنِ ظاہری سے بھی مزین ہے۔ رعایتی قیمت پر یہ کتاب 120 روپے (مع ڈاک خرچ) ارسال کر کے منگوائی جاسکتی ہے۔

## (۲)

نام کتاب : تذکرہ وسوانح الحاج مولانا محمد احمد صاحب

مصنف : مولانا عبدالقیوم حقانی

ضخامت : 176 صفحات قیمت : درج نہیں

ملنے کا پتہ : القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد' ضلع نوشہرہ' سرحد' پاکستان

اہل اللہ کے حالات کا جاننا خصوصی تاثیر رکھتا ہے۔ اسی لئے داناؤں کا قول ہے کہ

om